اہم نکات: بچوں میں بصارت اور آنکھوں کی صحت

اسطلاح	تعریف	تصویر
اسٹیگماٹزم (Astigmatism)	اسٹیگماٹزم سے متاثرہ لوگوں کو دور اور نزدیک صاف دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔	
ذیابیطس (Diabetes)	ایک بیماری جس میں شکر کی مقدار خون میں زیادہ ہو جاتی ہے۔اس کے نتیجے میں صحت کے کئی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں، جن میں جسم کے کچھ حصوں (خاص طور پر پاؤں) میں حساسیت کم ہو جاتی ہے، جس کے باعث پاؤں میں زخم، بینائی کا بتدریج کم ہونا، گردوں کو نقصان، پیشاب پر قابو نہ رہنا اور یاداشت کے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔	
دور نظری (Hyperopia)	"دور نظری" والے لوگ "دور بین" ہوتے ہیں۔ وہ دور کی اشیاء کو واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں جبکہ قریب کی اشیاء پر نظر مرکوز کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں۔	
سیکھنے کی معذوری (Learning Disability)	سیکھنے کی معذوری والے افراد کو نئی مہارتیں سیکھنے میں مشکلات ہو سکتی ہیں، جن میں بات چیت اور ذاتی دیکھ بھال شامل ہیں۔	
قریب نظری (Myopia)	"قریب نظری" والے لوگ "نزدیک بین" ہوتے ہیں۔ وہ قریب کی اشیاء کو واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ جبکہ دور کی اشیاء دھندلی نظر آتی ہے۔	
ڈھانپنے والا (Occluder)	ایک ایسی چیز جو آنکھ کو مکمل طور پر ڈھانپ لے۔	

	وہ لوگ جو کسی خدمت کے لیے یا تنظیم میں کام کرتے ہیں۔ ان میں وہ افراد بھی شامل ہیں جنہیں کسی مخصوص طبی شعبے میں ترتیب دی گئی ہو، چاہے ان کے پاس پیشہ ورانہ سند (ڈگری) نہ ہو۔	**عملے کے لوگ** (Personnel)
	بینائی کے مسائل کی ایک عام وجہ جو عموماً صحیح عینک یا کانٹیکٹ لینز کے ذریعے درست کی جا سکتی ہے۔ نظر کی خرابی کی مختلف اقسام ہیں، جو بینائی کے حوالے سے مختلف مسائل پیدا کرتی ہیں، جیسے اسٹیگماٹزم، دور نظری، قریب نظری، (ہائی پیروپیا اور مایوپیا)۔	**نظر کی خرابی** (Refractive Error)